© rasailojaraid.com



سید عطاء المحسن بخاری

# منقبتِ سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ

حضرت معاویہ تو شیدا تھے مصطفیٰ کے
وہ تھے ولاء کے قائل، ماموں تھے مجتبیٰ کے
حضرت حسن بھی ان سے کرتے تھے پیار اتنا
بلبل چہک رہا ہو گل کے قریب جتنا
حضرت معاویہ تھے والی ولایتوں کے
حضرت حسن پہ قرباں بانی عنایتوں کے
حضرت معاویہ ہیں وہ آخری خلیفہ
فاتح ہیں بحر و بر کے اور وارثِ سقیفہ
نامِ معاویہ تو طٰہٰ کو بھا گیا تھا
حضرت معاویہ تو دنیا پہ چھا گیا تھا
شخصِ معاویہ گر ان کو نہ بھایا ہوتا
نہ مژدۂ خلافت ان کو سنایا ہوتا
جھک جا معاویہ کے نامِ عُلیٰ کے آگے
جو ان کے ہو گئے ہیں وہی سرخرو ہیں آگے
جو بھی معاویہ سے رکھتا ہے بغضِ خاطر
زندیق ہے یقیناً وہ عقل کا بھی فاتر
دشمن معاویہ کا رہتا ہے ھاویہ میں
ناقد معاویہ کا تاریک خاویہ میں

© rasailojaraid.com